Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) I Semester Examination - December - 2019

Paper - 3 - PHUR102DST : Afsanvi Adab

پرچہ: افسانوی ادب

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i۔ ''گنج خوبی'' کس فارسی کتاب کا ترجمہ ہے؟

(a) بوستانِ خیال (b) اخلاق محسنی (c) طلسم ہوشربا (d) داستانِ امیر حمزہ

ii۔ ''ناٹیہ شاستر'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) رام چندر شکل (b) احتشام حسین (c) عبدالحلیم شرر (d) بھرت منی

iii۔ افسانہ ''آخری آدمی'' میں الیعذر کی لونڈی کا کیا نام ہے؟

(a) گجردم (b) ابن زبلون (c) الیاب (d) بنت الاخضر

iv۔ پریم چند کی تاریخ وفات بتایئے؟

(a) اپریل 1936ء (b) جون 1936ء (c) اگست 1936ء (d) اکتوبر 1936ء

v۔ سجاد حیدر یلدرم نے کس زبان کی کہانیوں سے اکتساب فیض کیا ہے؟

(a) فارسی (b) عربی (c) ترکی (d) ہندی

vi۔ امتیاز علی تاج نے ڈراما ''انارکلی'' کا انتساب کس کے نام کیا ہے؟

(a) حجاب اسمعیل (b) شہنشاہ اکبر (c) علی تاج امتیاز (d) انارکلی

vii- قرۃ العین حیدر کو گیان پیٹھ ایوارڈ کس سنہ میں دیا گیا؟

(a) 1987ء (b) 1989ء (c) 1990ء (d) 1992ء

viii۔ بیدی کی تخلیق ’’گرہن‘‘ ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(a) دانہ ودام (b) گرہن (c) ہاتھ ہمارے قلم ہوئے (d) اپنے دُکھ مجھے دے دو

ix- ’’کف گل فروش‘‘ کیا ہے؟

(a) طغریٰ (b) کولاج (c) مصوری (d) تصاویر کا البم

x- ذیل میں افسانے سے متعلق ایک اقتباس درج ہے۔ آپ بتائیے کہ یہ کس کا اقتباس ہے؟

’’افسانہ ایک ایسی بیانیہ صنف نثر ہے جو اتنی مختصر ہو کہ ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکے، جسے قاری کو متاثر کرنے کے لیے لکھا گیا ہو اور جس سے وہ تمام غیر ضروری اجزاء نکال دیے گئے ہوں، جو تاثر قائم رکھنے میں معاون نہ ہوں۔ اس میں ’’وحدت تاثر‘‘ اور ’’کلیت‘‘ (Totality) ہو۔‘‘

(a) ایڈگر ایلن پو (b) ورجینا وولف (c) وقار عظیم (d) مسیح الزماں

حصہ دوم

2- ’’داستانوں میں اپنے عہد کی تہذیب کی عکاسی ہوتی ہے۔‘‘ اِس قول پر اظہار خیال کیجیے۔

3- کردار سے کیا مراد ہے؟ مثالیں دے کر لکھیے۔

4۔ ’’گئودان‘‘ کو پریم چند کا شاہکار کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

5۔ غلام عباس کی افسانہ نگاری ’’آنندی‘‘ کے حوالے سے پیش کیجیے۔ افسانہ آنندی کے حوالے سے غلام عباس کی افسانہ نگاری پر گفتگو کیجیے۔

6۔ بیدی کے افسانوں میں نفسیات نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

7- باغ و بہار کی نثری خوبیوں کو مثالوں سے سمجھائیے۔

8۔ پریم چند کے نظریۂ ادب پر روشنی ڈالیے۔

9- اُردو ڈرامے کی موجودہ صورتحال سے کیا آپ مطمئن ہیں؟ بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10- مظہر امام کے اِس قول پر مدلل بحث کیجیے کہ ’’عصمت کے افسانوں کو ان کی زبان سے الگ کر کے نہ سمجھا جا سکتا ہے نہ ان کے ساتھ انصاف کیا جا سکتا ہے۔‘‘

11- دکن میں اُردو داستان کے ارتقا پر تفصیل سے گفتگو کیجیے۔

12- افسانہ ’’نظارہ درمیاں ہے‘‘ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

13- ناول ’’امراؤ جان ادا‘‘ کی تکنیک کی خصوصیات بیان کیجیے۔

14- ڈراما ’’انارکلی‘‘ کی ادبی و فنی خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆